# بقعی دواخانہ

## Baqai Dawakhan- Pharmacy (Script)

**<u>Duration: 01min 38 sec.</u>**

مرحوم حکیم شریف الدین بقعی صاحب جنھوں نے جو آپ دیکھ رہے ہیں اس کی بنیاد رکھی ۱۹۳۰ کے اندر میں اس "generation" کے تھرڈ جنریشن (third generation) ہوں جو اس لائن سے جڑا ہوا ہوں میرا جو تعلق ہے وہ مطب سے بھی ہے اور دواسازی سے بھی ہے تو میں کہوں تو بہت پرانی جو ایک روایت چلی آرہی ہے اور خاندان بقعی کا ایک پرانا تعلق طبِ یونانی سے رہا ہے۔

حکیم ایک پیشہ ہے جو کہ ہمارے طب یونانی سے تعلق رکھتا ہے اور اگر میں آپ کو پس منظر میں لے کے جاوں طب یونانی سے متعلق تو پرانی اس میں اگر جو ہماری تاریخ کی کتابوں میں جو اس کی روایت ملتی ہے اس کی شروعات غالباً یونان سے ہوئی اور اگر ہم دیکھیں تو یونان ما قبل مسیح کے اندر علم وفنون کا اور حکمت کا اس کا بہت بڑا مرکز رہا ہے۔

بدن انسانی کو حرکت کی بھی ضرورت ہے اور سکون کی بھی ضرورت ہے۔ جیسے ہم لوگ جب ( کوئی کہا گیا) بیٹھے رہیں تو بہت سارے امراض کا شکار ہو سکتے ہیں حرکتِ سکون نفسانی یعنی جو ہمارا "mental status" ہے اس کے اندر بھی حرکت بھی رہنی چاہیے اور اس کو سکون بھی دینا چاہیے، یہی چیزیں ہمارے لیئے decide کرتی ہیں کہ ہم حالت صحت میں ہیں کہ حالت مرض میں ہیں ہم۔ وقت کے ساتھ بدلاو آئے ہیں اور جو بدلاو ہوئے ہیں ان کو ہمیں "accept" کرنا بھی چاہیے چونکہ اصل مقصد ہمیں تشخیص کرنا اور تجویز کرنا ہے اس کے لیئے آپ کو کسی بھی چیز کی ضرورت پڑے آپ کو کرنا چاہیے۔